بخدمت جناب سیکرٹری صاحب تعلیمی بورڈ سیدو شریف سوات

حوالہ نمبر:_____ مورخہ:_____

عنوان: درستگی نام، ولدیت، تاریخ پیدائش

جناب عالی!

مئودبانہ گزارش کی جاتی ہے کہ ہمارے ادارے کے طالب علم کے مندرجہ ذیل کوائف میں منسلکہ ریکارڈ کی بنیاد پر درستگی کی ضرورت ہے لہٰذا آپ سے استدعا ہے کہ آپ متعلقہ بورڈ ریکارڈ میں مطلوبہ درستگی کے احکامات صادر کر کے ممنون فرمائیں۔

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے صرف مطلوبہ درستگی کے خانے پُر کریں۔

رول نمبر:_____ جماعت: نہم ☐ دہم ☐ سال:_____ سالانہ ☐ سپلنٹری ☐

نام:_____ درست نام:_____

والد کا نام:_____ درست والد کا نام:_____

تاریخ پیدائش:_____ درست تاریخ پیدائش:_____

آپ کا مخلص

پرنسپل (دستخط):_____ مُہر:_____

ہدایات:

ا۔ درستگی کے کاغذات:

(الف) **سکول ریکارڈ کی بنیاد پر درستگی:** متعلقہ ریکارڈ کی تصدیق شدہ نقول منسلک کریں (پرائمری، مڈل، ہائی سکول کے داخل خارج رجسٹر کے متعلقہ صفحات کے نقول)، سکول چھوڑنے کے سرٹیفکیٹ کی بورڈ یا ای۔ڈی۔او سے تصدیق شدہ نقل

نوٹ: سکول ریکارڈ کی بنیاد پہ تاریخ پیدائش کی درستگی میٹرک نتائج کے پانچ سال کے اندر ہوگی، اس کے بعد بذریعہ عدالتی فیصلہ ہوگی۔

ب۔ **نام یا ولدیت کی درستگی بذریعہ اخباری اشتہار:** دو عدد اصل اخبار کے تراشے اور بیان حلفی منسلک کریں۔

ج۔ **درستگی بذریعہ عدالتی فیصلہ:** عدالت سے تصدیق شدہ فیصلے کی نقل منسلک کریں۔

۲۔ اصل اسناد اور اسناد کی ایک عدد فوٹو کاپی اور فیس کے اصل بینک رسیدات منسلک کریں۔

۳۔ **شرح فیس:** (الف) درستگی نام، ولدیت، تاریخ پیدائش بذریعہ سکول ریکارڈ: مبلغ -/1000 روپے

(ب) درستگی نام، ولدیت بذریعہ اخبار: مبلغ -/2000 روپے (ج) درستگی بذریعہ عدالتی فیصلہ: مبلغ -/3000 روپے

(د) DMC تبدیلی فیس: مبلغ -/200 روپے (ر) سرٹیفکیٹ تبدیلی فیس (اگر ہو): مبلغ -/600 روپے

نوٹ: فیس الائیڈ بینک (ABL) یا یونائیٹڈ بینک (UBL) کے کسی بھی شاخ میں جمع کی جاسکتی ہے۔